# اسلامی عقیدہ وعمل

سوال: وضو میں فرض کتنے ہیں؟
جواب: وضو میں چار فرض ہے
(۱) پیشانی کے بالوں سے ٹھوڑی کے نیچے تک اور ایک کان سے دوسرے کان تک منہ دھونا
(۲) دونوں ہاتھوں کو کہنیوں سمیت ناھود (۳) چوتھائی سر کا مسح کرنا
(۴) دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھونا۔

سوال: وضو میں کتنی سنتیں ہیں؟
جواب: وضو میں تیرہ سنتیں ہیں۔
(۱) نیت کرنا (۲) بسم اللہ پڑھنا (۳) پہلے تین بار دونوں ہاتھ گٹوں تک دھونا
(۴) مسواک کرنا (۵) تین بار کلی کرنا (٦) تین بار ناک میں پانی ڈالنا
(۷) ڈاڑھی کا خلال کرنا (۸) ہاتھ پاؤں کی انگلیوں کا خلال کرنا (۹) ہر عضو کو تین بار دھونا
(۱۰) ایک بار تمام سر کا مسح کرنا، یعنی بھیگا ہوا ہاتھ پھیرنا (۱۱) دونون کانوں کا مسح کرنا
(۱۲) ترتیب سے وضو کرنا
(۱۳) پے در پے وضو کرنا کہ ایک عضو خشک نہ ہونے پائے کہ دوسرا دھولے۔

سوال: وضو میں مستحب کتنے ہیں؟
جواب: وضو میں پانچ چیزیں مستحب ہیں۔
(۱) دائیں طرف سے شروع کرنا بعض علماء نے اسے سنتوں میں شمار کیا ہے اور یہی قوی ہے۔
(۲) گردن کا مسح کرنا (۳) وضو کے کام خود کرنا۔ دوسروں سے مدد نہ لینا
(۴) قبلہ کی طرف مُنہ کرکے بیٹھنا (۵) پاک اونچی جگہ پر بیٹھ کر وضو کرنا۔

## ہمیشہ سچ بولو

سچ اپناؤ پیارے بچو جھوٹ مُکاؤ پیارے بچو
سچ کو رکھو سب کے سامنے جھوٹ ہٹاؤ پیارے بچو
سچ کو اپنی گود میں بٹھاؤ جھوٹ بھگاؤ پیارے بچو
مرتے دم تک سچ ہی بولو جھوٹ ستاؤ پیارے بچو
اپنی سب تحریروں سے جھوٹ مٹاؤ پیارے بچو

## کرنا اچھے کام

سن لو میری بات دن ہو یا کہ رات
صبح ہو یا شام کرنا اچھے کام
کام کے بعد آرام یہ ہے اچھا کام
بات سمجھ میں آئی نفرت میں رسوائی
سب سے کرو بھلائی سب کو کرو سلام
وطن کے سارے بچو یہ ہے اچھا کام
قائد کا پیغام کام، کام، کام

## نظم میٹھے بول

جب بھی بچّو بولو تُم
لَب اپنے جب کھولو تُم
مُنہ سے نکلیں میٹھے بول
بول بھی ایسے کہ انمول
کسی کا اُلٹا نام نہ لو
کسی کو تُم الزام نہ دو
تب بدلے گا یہ ماحول
جب بولو گے میٹھے بول

## آداب کارنر — والدین کوعزت دینے کے چند طریقے

- والدین کی موجودگی میں اپنے موبائل فون کو دور رکھیں۔
- والدین کی رائے کو مقدم رکھیں۔
- والدین کے سامنے ادب سے بیٹھیں۔
- والدین کی باتوں کو توجہ سے سنیں۔
- والدین کے حکم اور مشورے کو قبول کیجئے۔
- والدین کے سامنے اپنی آواز کو ہرگز اونچا نہ ہونے دیں۔
- والدین کے سامنے بداخلاقی مت کیجئے۔
- والدین کی غلطی اور بھول پر کبھی مت مسکرائیے۔
- والدین کو اپنی دعاؤں میں ہمیشہ یاد رکھیئے۔

## مطالعہ کے آداب

1) مطالعہ نصابی ہو یا غیر نصابی کتب کا۔ ایک حد میں اور اعتدال کے ساتھ ہی اچھا لگتا ہے۔ اور فائدہ دیتا ہے۔
2) اپنے لیے ٹائم ٹیبل بنائیں اور اس پر عمل کریں۔
3) صرف پڑھتے جانا اور پڑھتے ہی جانا بالعموم وقت کا ضیاع ثابت ہوتا ہے۔ روز جتنا پڑھیں یا تو اسے پڑھنے کے بعد لکھ لیں یا کسی دوسرے سے شیئر کرلیں یعنی اسے بتائیں، سمجھائیں۔ سارا مضمون آپ کو زبانی یاد ہوجائے گا۔
4) اپنی عمر کے اعتبار اور ذاتی پسند کے لحاظ سے کوئی ایک بچوں کا رسالہ ضرور اپنے معمول کے مطالعہ میں رکھیں۔
5) اچھی کتاب یا رسالہ پڑھتے ہوئے جو بات زیادہ اچھی لگے اور پسند آئے اسے کسی کاپی پر نوٹ کرلیں۔ کتاب اپنی ہو تو اس پر بھی نشان لگایا جاسکتا ہے۔ کیونکہ دوبارہ پوری کتاب پڑھنا عام طور پر ممکن نہیں ہوتا۔ نوٹ کیے ہوئے جملوں سے ساری بات یاد آجاتی ہے۔
6) کتب اور رسائل کو آنکھوں کے بہت قریب رکھ کر نہ پڑھیں۔ مناسب فاصلہ کم از کم ایک فٹ ہونا چاہیے۔
7) ہر ایک دو ماہ بعد آپ کی ذاتی لائبریری میں ایک آدھ نئی کتاب کا اضافہ ہونا ضروری ہے۔ اچھی کتاب سے اپنے دوستوں کو بھی ضروری ملوائیے۔

## عربی

| الفواکہ / الفاکہۃ | پھل | فروٹ | Fruit |
|---|---|---|---|
| عِنَبٌ | انگور | گریپس | Grapes |
| مِشْمِشٌ | خوبانی | اَیپری کاٹ | Apricot |
| پَرسِی مَن | املوک | پَرسِی مَن | Persimmon |
| کرز | شاہ دانہ | چیری | Cherry |
| جَوَّافَةٌ | امرود | گواوا | Guava |
| خَوْخٌ / دُرَّاقٌ | شفتالو | پیچ | Peach |
| مَوْزٌ | کیلا | بَنانا | Banana |
| بُرْتُقَالٌ | مالٹا | اَورَینج | Orange |
| اِجَّاصٌ | ناشپاتی | پیئر | Pear |

## عِلم بڑی دولت ہے

آؤ لکھیں پڑھیں عِلم حاصل کریں
عِلم سے بڑھ کے کوئی بھی دولت نہیں
عِلم کے نور سے زندگی، زندگی
عِلم کی شمع سے ہر طرف روشنی
جس طرف بھی چلیں روشنی بانٹ دیں
اس سے آگے کوئی اور عظمت نہیں
عِلم سے بڑھ کے کوئی بھی دولت نہیں
آؤ لکھیں پڑھیں عِلم حاصل کریں

## پاکستان ملی نغمہ

خدا کرے کہ میری ارض پاک پر اترے
وہ فصل گل جسے اندیشہ زوال نہ ہو
یہاں جو پھول کھلے، وہ کھلا رہے صدیوں
جہاں خزاں کو گزرنے کی بھی مجال نہ ہو
یہاں جو سبزا اُگے وہ ہمیشہ سبز رہے
اور ایسا سبز کے جس کی کوئی مثال نہ ہو
گھنی گھٹائیں یہاں ایسی بارشیں برسائیں
کہ پتھروں سے بھی روئیدگی محال نہ ہو
خدا کرے کہ نہ خم ہو سرو قار وطن
اور اسکے حسن کو تشویش ماہ سال نہ ہو
ہر ایک فرد ہو تہذیب وفن کا اوج کمال
کوئی ملول نہ ہو کوئی خستہ حال نہ ہو
خدا کرے کہ میرے اک بھی ہم وطن کے لیے
حیات جرم نہ ہو زندگی وبال نہ ہو
خدا کرے میری ارض پاک پر اترے
وہ فصل گل جسے اندیشہ زوال نہ ہو

## بچوں میں لکھنے کی مہارت پیدا کرنے کا آسان طریقہ!

ایک خاتون کہتی ہیں: میرے بچے جب بھی آپس میں جھگڑتے ہیں اور معاملے کو اپنے والد کے پاس لے جاتے ہیں تو ان کے والد بچوں سے کہتے ہیں کہ بیٹے! جو بھی آپ کا معاملہ ہے، اسے کاپی پر لکھ کر دیجئے، میں اسے پڑھ کر ہی آپ کا فیصلہ کرسکوں گا۔ وہ کہتی ہیں کہ اس طرح میرے بچوں کا طرز بیان، فصاحت وبلاغت اور لکھائی کمال پکڑتی چلی گئی۔ آج میرے بچے کسی بھی موضوع پر اپنا نقطہ پیش کرنے، اپنے مافی الضمیر کا اظہار کرنے، جاندار دلائل پیش کرنے، کسی کو قائل کرنے، حمایت وآگہی دینے یا لینے میں شاندار مہارت رکھتے ہیں۔

## دماغ

مردوں میں دماغ کا وزن تقریباً 1200 گرام جبکہ عورتوں میں 910 سے 1070 گرام تک پایا جاتا ہے۔ بعض عالی دماغ افراد کے دماغ کا وزن 1470 گرام تک بھی دیکھا گیا ہے۔ پاگل افراد کے دماغ کا وزن 610 سے 620 گرام تک ہوتا ہے۔ مادرزاد پاگل افراد کے دماغ کا وزن عام پاگل افراد سے بھی کم ہوتا ہے۔ دماغ چالیس برس کی عمر تک مکمل ہوتا ہے، اس کے بعد ہر دس سال کی عمر بڑھنے میں تقریباً ایک اونس (30 گرام) کم ہوجاتا ہے۔

## کیا آپ ذہین ہیں؟

ٹیچر: 5 کے بیچ میں چار لکھ کر بتاؤ۔
(مختلف ملکوں کے طلباء کے جوابات)
چینی شاگرد: مذاق مت کرو۔
ہندوستانی شاگرد: ناممکن ہے۔
امریکی شاگرد: سوال ہی غلط ہے۔
برطانوی شاگرد: انٹرنیٹ پر بھی نہیں ہے۔
پاکستانی شاگرد: بہت سی آسان ہے۔ یہ لیں۔: "F(IV)E"

## عزیز طلباء

اگر آپ بھی اپنے سکول کے اس میگزین میں لکھنا چاہتے ہیں تو ہم آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ آپ ایک صاف کاغذ پر اپنے پسندیدہ لطیفے، پہیلیاں، مضامین، نظمیں لکھ کر سکول انتظامیہ کے پاس جمع کروائیے، یہ آپ کے نام کے ساتھ شائع کئے جائیں گے۔ از - ادارہ۔

# چوری کی سزا

پیارے بچو! ایک بہت ہی پیارا گاؤں تھا۔ گاؤں میں چاروں طرف کھیت اور سر سبز پہاڑ تھے۔ گاؤں کے درمیان میں ایک ندی بہتی تھی جس نے گاؤں کو اور بھی خوبصورت بنا دیا تھا۔ گاؤں کے لوگ کھیتی باڑی کرتے تھے اور انہوں نے دودھ وغیرہ کے لیے گائے، بھینسیں اور بکریاں پال رکھی تھیں۔ وہ اپنی جانوروں کو صبح سویرے کھول کر پہاڑی پر چھوڑ دیتے، سارا دن چرنے کے بعد شام کو یہ سارے جانور پیٹ بھر کے از خود اپنے ٹھکانے پر پہنچ جایا کرتے تھے۔ اسی گاؤں میں ایک بچہ یاسر رہتا تھا۔ وہ بہت نیک اور فرماں بردار بچہ تھا۔ سکول میں اس کا ایک ہی دوست تھا جس کا نام جمیل تھا۔ وہ بہت ذہین تھا مگر اس میں ایک بری عادت تھی کہ وہ چوری کرتا تھا۔ اپنے دوست کی اس بری عادت کا علم صرف یاسر کو تھا۔ وہ جمیل کو بہت سمجھاتا تھا کہ چوری کرنا بری عادت ہے لیکن وہ ہمیشہ ہی سنی ان سنی کر دیتا۔ جمیل کو چوری کی عادت اس طرح پڑی کہ ایک مرتبہ یاسر نے سکول سے چھٹی کی، جمیل نے اپنے کلاس فیلو جس کا نام حنیف تھا، کو اپنے ساتھ بٹھالیا۔ جمیل کو حنیف کا پنسل باکس بہت پسند آیا تو اس نے چپکے سے حنیف کا پنسل باکس اپنے بیگ میں ڈال لیا۔ جب حنیف کو پتا چلا کہ اس کا پنسل باکس گم ہو گیا ہے تو اس نے جمیل سے اس کے بارے میں پوچھا۔ جمیل نے کہا: "اسے علم نہیں ہے کہ اس کا پنسل باکس کہاں ہے؟"

اس کے بعد جمیل نے سوچا کہ اگر وہ چپکے سے کسی کی چیز کو اپنے پاس رکھ لے گا اور بعد میں تھوڑا سا جھوٹ بول لے گا تو اس کے پاس بہت سی چیزیں جمع ہو جائیں گی۔ پھر اس نے باقاعدہ چوری کرنا شروع کر دی۔ جمیل اب اکثر اپنے دوستوں کی چھوٹی موٹی چیزیں چرا لیتا تھا۔ یاسر نے اس کو بہت سمجھایا مگر اس نے اپنے دوست کی بات ماننے کی بجائے یاسر سے دوستی ختم کر دی۔ اب اس نے خراب لڑکوں میں بیٹھنا شروع کر دیا تھا۔ یہ لڑکے بڑی چوریاں کرنے لگے تھے۔ اب انہوں نے ایک منصوبہ بنایا کہ وہ بینک لوٹیں گے۔ یہ ان کی بدقسمتی تھی کہ جیسے ہی وہ بینک لوٹنے پہنچے تو پولیس موبائل بھی وہاں آگئی۔ جمیل اور اس کے ساتھیوں نے پولیس کو دیکھ کر ان پر فائرنگ شروع کر دی۔ اس فائرنگ سے جمیل کا ایک ساتھی اور ایک پولیس کانسٹیبل بھی مارا گیا۔ آخر کار پولیس نے جمیل اور اس کے ساتھیوں کو گرفتار کر لیا۔ جب پولیس نے جمیل سے تفتیش کی تو اس نے بتایا کہ وہ اپنے والدین کا اکلوتا بیٹا ہے۔ زیادہ لاڈ پیار کی وجہ سے بگڑ گیا اور آہستہ آہستہ عادی مجرم بن گیا۔ جمیل کا مقدمہ عدالت میں چلا تو عدالت نے اس کو پھانسی کی سزا سنائی۔ یاسر نے جب یہ سارا واقعہ سنا تو وہ جمیل سے ملنے جیل گیا اور اس سے کہا کہ دیکھو میں تمہیں کتنا سمجھاتا تھا مگر تم نے میری بات نہیں سنی اور آج اِس کا انجام دیکھ لیا۔ اب جمیل اپنے کیے پر شرمندہ تھا۔ لیکن اب کیا ہو سکتا تھا۔

## پہیلیاں

1- بلی سفید اک میں نے دیکھی، بیٹھی تھی گم سم
جسم تھا اس کا سارا ہی گورا، ہری تھی لیکن دم۔

2- دھوپ کبھی نہ اسے سکھائے، سو کھا جب وہ سائے میں آئے۔

3- ایک استاد ایسا کہلائے، آپ نہ بولے سبق پڑھائے۔

4- چھوٹی سی ہے ایک چھڑی، کھولے حویلیاں بڑی بڑی۔

(مولی۔۔۔پسینہ۔۔۔کتاب۔۔۔چابی)

## دل

- دنیا کی محبت دل کا اندھیرا ہے اور دین کی محبت دل کا نور۔
- دل اداس ہو تو گونجتی شہنائیاں بھی انسان کو متوجہ نہیں کرتیں۔
- کانچ کا دل لے کر پتھر کی اس دنیا میں جینا بے حد مشکل ہے۔
- انسان کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ وہ اپنے دل اور زبان کو قابو میں رکھے۔
- کسی کا دل نہ دکھاؤ وہ آنسو تمہارے لیے سزا بن جائیں گے۔
- اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس سے زیادہ بڑی کوئی عبادت نہیں کہ تو کسی مسلمان بھائی کا دل خوش کرے۔

## اقوال زریں

1) لوگوں کی خطاؤں سے درگزر کرو، اللہ تعالیٰ تمہارے قصور معاف فرمائے گا۔
2) گناہ پر آمادہ ہو تو ایسی جگہ تلاش کرو جہاں پر اللہ نہ دیکھ رہا ہو۔
3) تم وہ کام کرو جو تمہیں کرنا چاہیے نہ کہ وہ کام جو تم کرنا چاہتے ہو۔
4) تمہاری شادمانی دراصل تمہارا غم ہے جسے بے نقاب کر دیا گیا ہے۔
5) تمام فتوحات میں سب سے بڑی فتح اپنے آپ پر فتح پانا ہے۔
6) تمہاری جیب میں سوراخ ہو تو اس میں سکے بھرنے سے کیا حاصل۔
7) ہمسائے کا مکان جل رہا ہو تو تمہارا گھر بھی محفوظ نہیں ہے۔

## انمول موتی

1. ہر نیک کام اپنی جگہ خود بنا لیتا ہے۔
2. دلوں کو فتح کرنے کے لیے تلوار نہیں بلکہ ذہن کی ضرورت ہوتی ہے۔
3. کسی کے چہرے پر مت جاؤ کیونکہ چہرہ بند کتاب کی طرح ہوتا ہے۔
4. زمانے کو برا مت کہو کیونکہ اس کا فاعل حقیقی خدائے بزرگ و برتر ہے۔
5. زندگی کے طوفان ہمارے قدموں کو ڈگمگانے اور ہمیں راستے سے ہٹانے کے لیے نہیں بلکہ کئی بار ہمیں اڑا کر منزل مقصد تک پہنچانے کے لیے بھی آتے ہیں۔ (مس سیما غزل)

## یاد رکھنے کی باتیں

### حضرت عمرؓ کی چھ نصیحتیں

- جو آدمی زیادہ ہنستا ہے اس کا رعب کم ہو جاتا ہے۔
- جو آدمی مذاق زیادہ کرتا ہے۔ لوگ اس کو ہلکا اور بے حیثیت سمجھتے ہیں۔
- جو باتیں زیادہ کرتا ہے۔ اس کی لغزشیں زیادہ ہو جاتی ہے۔
- جس کی لغزشیں زیادہ ہو جاتی ہیں اس کی حیاء کم ہو جاتی ہے۔
- جس کی حیاء کم ہو جاتی ہے اس کی پرہیز گاری کم ہو جاتی ہے۔
- جس کی پرہیز گاری کم ہو جاتی ہے اس کا دل مردہ ہو جاتا ہے۔

## مسکراہٹ

- استاد (شاگرد سے) بتاؤ کون سے تین الفاظ ہیں جو عام طور پر ہر طالب علم استعمال کرتا ہے؟
شاگرد: میں نہیں جانتا۔ استاد: شاباش

- استاد: (شاگرد سے) سال میں کتنے موسم ہوتے ہیں؟
شاگرد: چار موسم ہوتے ہیں۔ استاد: کون کون سے؟
شاگرد: الیکشن، ہڑتال، امتحانات اور ہنگامے۔

- استاد: (شاگرد سے) آج صرف ایک سوال پوچھا جائے گا اس کے بعد چھٹی، بتاؤ تمہارے سر پر کتنے بال ہیں۔ شاگرد: 15 کروڑ
استاد: حیران ہو کر تمہیں کیسے معلوم ہوا؟
شاگرد: جناب آپ نے صرف ایک سوال پوچھنے کی بات کی تھی یہ دوسرا ہے۔

3- پہلا بچہ: "میں کالے رنگ کی کار لوں گا کیوں کہ میرے ابو کے بال کالے ہیں"۔
دوسرا بچہ: "میں سفید رنگ کی کار لوں گا کیوں کہ میرے ابو کے بال سفید ہیں۔
تیسرا بچہ: "میں بغیر چھت کے کار لوں گا کیوں کہ میرے ابو گنجے ہیں"۔

4- گھر کے فون کی گھنٹی بجی تو ایک بچی نے ریسور اٹھایا۔
دوسری طرف سے ایک اجنبی نے پوچھا: "آپ کے ابو سے بات ہو سکتی ہے"۔ بچی بولی: "نہیں جی وہ اس وقت گھر پر نہیں ہیں۔ صرف میں اور میری بہن ہیں"۔ اجنبی کہنے لگا کہ اچھا اپنی بہن سے ہی بات کرا دیں۔ بچی: "معاف کرنا جی میری بہن بہت بھاری ہے میں اُسے جھولے سے نہیں اُٹھا سکتی"۔

## ایک بچہ انگلش میں ٹرانسلیشن کی وجہ سے فیل ہو گیا۔

1- وہ میری نواسی ہے۔ She is my eighty nine.
2- میں ایک عام آدمی ہے۔ I am a mango man.
3- مجھے انگلش آتی ہے۔ English comes to me.
4- میرا تعلق ہری پور ہزارہ سے ہے۔ I belong to green pur thousanda.
5- کراچی کی سڑکوں پر گولیاں چل رہی ہیں۔ Tablets are walking on the roads of Karachi.

## قہقہے لگایئے

1- سردار جی (باٹا کمپنی کے منیجر سے): "بڑی گارنٹیاں دے رہے تھے جوتے کی، دو دن بھی نہیں چلے"۔
منیجر (حیرت سے): "آخر ہوا کیا ہے سردار جی"؟
سردار صاحب: "چوری ہو گئے ہیں"۔

2- چار چور بینک لوٹنے کے بعد بچ بچا کے اپنے ٹھکانے پر پہنچے۔
ایک چور کہنے لگا کہ ذرا دم لے لو پھر رقم گنتے ہیں۔
دوسرا چور: چھوڑو یار صبح اخبار میں پڑھ لیں گے کہ کتنی رقم ہے۔
تیسرا چور: رقم خود گننی ہو گی، اب وہ پہلے والی ایمانداریاں کہاں، پانچ لاکھ لوٹے جائیں تو پچاس لاکھ ظاہر کیے جاتے ہیں۔

## چلیں مسکرائیں

استاد (شاگرد سے): "بیجنگ کہاں ہے؟ شاگرد: "جناب مجھے معلوم نہیں؟ استاد غصے سے: نالائق کہیں کے! اچھی طرح کتاب کا مطالعہ کرو پھر مجھے تفصیل سے بتاؤ۔
شاگرد (تھوڑی دیر بعد): جناب بیجنگ معاشرتی علوم کی کتاب کے باب سوم کے پیراگراف چھ کی سطر نمبر آٹھ میں ہے۔

1- ڈاکٹر (کمپاؤنڈر سے): "آج ہسپتال میں کتنے مریض فوت ہوئے ہیں۔" کمپاؤنڈر "جناب سات مریض فوت ہوئے ہیں آج"۔
ڈاکٹر: "لیکن تم دوائی تو نو مریضوں کے لیے لے کے گئے تھے؟"
کمپاؤنڈر: "اصل میں دو مریضوں نے آپ کی بھیجی دوائی پینے سے انکار کر دیا تھا"۔

2- ایک بے وقوف دیہاتی کے ٹریکٹر کا ہل کوئی چرا کر لے گیا۔ بے وقوف دیہاتی نے گاؤں میں اعلان کرایا: "جس کسی نے میرے ٹریکٹر کا ہل چرایا ہے براہ کرام وہ ٹریکٹر بھی چرا لے جائے کیونکہ ہل کے بغیر ٹریکٹر بے کار کھڑا ہے"۔

3- ایک شخص اپنے قریب میں موجود عجائب گھر سے اکثر قیمتی چیزیں چرا لے جاتا اور اپنے گھر میں سجا دیتا۔ جب کافی عرصہ یہ سلسلہ جاری رہا تو عجائب گھر کا منتظم اُس شخص کے دروازے پر آیا اور اسے باہر بلا کر مخاطب ہوا۔ جناب! اگر آپ کی اجازت ہو تو عجائب گھر کا بورڈ بھی اُتار کر آپ کے گھر کے باہر لگوا دیا جائے"۔

4- شہری (بھیک مانگنے والے سے): "اتنے ہٹے کٹے ہوتے ہوئے تم سر بازار بھیک مانگتے ہوئے شرم نہیں آتی"۔ بھیک مانگنے والا: "شرم تو بہت آتی ہے لیکن کیا کروں گھر لا کر تو کوئی دیتا نہیں، خود بازار آنا پڑتا ہے"۔

## اخبار و احوال۔ پہلی ششماہی (تدریسی سال پنجم)۔ العلم اکیڈیمیا سکول۔ 2020

اس ششماہی میں۔

1. اساتذہ کی تدریسی تربیت کے لیے ایک ہفتہ ریفرشر کورس رکھا گیا۔
2. کورونا وبا کی وجہ سے بچوں کو سالانہ امتحان کے بعد چھٹیاں دے دی گئیں۔
3. اساتذہ کی تربیت کے لیے ایک ہفتہ ورکشاپ برائے آن لائن ویڈیو تیاری رکھی گئی۔ طلباء کے لیے (LMS) ترتیب دیا گیا جس میں کتابی مواد، حل شدہ مشقیں، ویڈیوز، معروضی سوالات برائے مشق شامل کیا گیا۔
4. ساتھ ہی طلباء کو چھٹیوں کا کام دیا گیا اور چیک کر کے نمبرات سے طلباء کو آگاہ کیا گیا۔ مڈٹرم امتحان کی تیاری اور انعقاد کیا گیا۔
5. اساتذہ اور انتظامیہ کی حوصلہ افزائی کے لیے انعامات اور کارکردگی سرٹیفکیٹ دیئے گئے۔

## حیرت انگیز معلومات

### کیا آپ جانتے ہیں کہ۔۔۔۔

اللہ کے حروف 4 ہیں۔ محمد کے حروف 4 ہیں۔ رسول کے حروف 4 ہیں کتاب کے حروف 4 ہیں۔ قرآن کے حروف 4 ہیں۔ مسجد کے حروف 4 ہیں۔ کلمہ کے حروف 4 ہیں۔ نماز کے حروف 4 ہیں۔ روزہ کے حروف 4 ہیں۔ زکوٰۃ کے حروف 4 ہیں۔ سورج کے حروف 4 ہیں۔ چاند کے حروف 4 ہیں۔ جہاد کے حروف 4 ہیں۔ زمین کے حروف 4 ہیں۔ نکاح کے حروف 4 ہیں۔ سوال کے حروف 4 ہیں۔ جواب کے حروف 4 ہیں۔ ثواب کے حروف 4 ہیں۔ عذاب کے حروف 4 ہیں۔ بہشت (جنت) کے حروف 4 ہیں۔ دوزخ (جہنم) کے حروف 4 ہیں۔ بڑے فرشتے 4 ہیں۔ آسمانی کتابیں 4 ہیں۔

## طلباء کی نفسیات

1 ایسے طلباء جو لیکچر کے دوران پین کو عموماً بند رکھتے ہیں۔ وہ عام طور پر مغرور ہوتے ہیں مگر تنہائی پسند ہوتے ہیں۔

2 ایسے طلباء جو لیکچر کے دوران پین کو کھولتے اور بند کرتے رہتے ہیں وہ عموماً نالائق ہوتے ہیں مگر گھریلو مسائل بڑی خوبصورتی سے حل کرتے ہیں۔

3 ایسے طلباء جو لیکچر کے دوران پین کھول کر رکھتے ہیں۔ مگر لکھتے کم ہیں عموماً ذہین ہوتے ہیں۔ مگر وہ دوسروں کو اچھا مشورہ نہیں دیتے۔

4 ایسے طلباء جو لیکچر کے دوران پین کی نب جان بوجھ کر دوسروں کو چبھوتے ہیں۔ وہ عموماً حاضر جواب ہوتے ہیں۔ مگر انہیں زندگی میں کامیابی بڑی دیر بعد ملتی ہے۔

5 ایسے طلباء جو لیکچر کے دوران پین کو خواہ مخواہ استعمال کرتے رہتے ہیں۔ اور الٹی سیدھی لکیریں کھینچتے رہتے ہیں۔ وہ عموماً حاضر جواب ہوتے ہیں۔ مگر ان کی پڑھائی میں دلچسپی کم ہوتی ہے۔

6 ایسے طلباء جو لیکچر کے دوران پین کو بار بار منہ میں رکھتے ہیں وہ عموماً ہوشیار ہوتے ہیں مگر کسی بھی چیز کو حفاظت سے نہیں رکھتے۔

7 ایسے طلباء جو لیکچر کے دوران پین کا ڈھکنا دوسرے ہاتھ میں رکھتے ہیں۔ وہ عموماً لیکچر سمجھ لیتے ہیں۔ مگر ان کے جذبات سرد ہوتے ہیں۔ (Miss Rabia Asghar)

## سنہرے موتی

- زندگی کی کتاب میں اتنی غلطیاں نہ کرو کہ پنسل سے پہلے ربڑ ختم ہو جائے اور توبہ سے پہلے زندگی۔
- جاہل کہتا ہے کہ "میں نے اپنا ماضی تباہ کر دیا" لیکن عقلمند کہتا ہے "مستقبل ابھی محفوظ ہے"۔
- ہر شخص سچا دوست تلاش کرتا ہے لیکن سچا دوست بننے کی زحمت گوارا نہیں کرتا۔
- بادل کی طرح رہو جو پھول پر ہی نہیں کانٹوں پر بھی برستا ہے۔
- نئی صبح نئی اُمید سے شروع کرو پرانی ناکامی سے نہیں۔



## آسمانی کتابیں اور قرآن مجید

پیارے بچو! اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو جنت میں جانے والے کام اور جہنم کی آگ سے بچنے والے کام بتلانے کے لیے بہت سی کتابیں بھیجی ہیں، ان میں سے چار کتابیں زیادہ مشہور ہیں۔ ایک کتاب کا نام تو تورات ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی جن کا نام حضرت موسیٰ علیہ السلام تھا ان کے پاس بھیجی تھی۔ اور دوسری مشہور کتاب کا نام "زبور" ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی، جن کا نام حضرت داؤد علیہ السلام تھا، ان کے پاس بھیجی تھی۔ اور تیسری مشہور کتاب کا نام "انجیل" ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی جن کا نام حضرت عیسیٰ علیہ السلام تھا، ان کے پاس بھیجی تھی۔ چوتھی اور سب سے آخری کتاب کا نام "قرآن مجید" ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے سب سے آخری نبی حضرت محمد ﷺ کے پاس بھیجی۔

## محبت کا صلہ

اللہ سے ہو تو بندگی بن جاتی ہے۔
وطن سے ہو تو ایمان بن جاتی ہے۔
والدین سے ہو تو فرض بن جاتی ہے۔
دولت سے ہو تو فکر بن جاتی ہے۔

## صحت کی تکون

اچھی غذا، مناسب نیند اور ورزش۔ یہ تینوں صحت کے لیے بے حد ضروری ہیں۔ اچھی غذا آپ کے چہرے پر رونق لا سکتی ہے۔ اگر آپ صرف اتنا کریں کہ مضر صحت غذاؤں مثلاً پان، چھالیہ، تمباکو نوشی اور چائے کا بے دریغ استعمال ترک کر دیں تو اسی سے اچھی غذا کا مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔ 24 گھنٹے میں دو کپ سے زیادہ چائے ہرگز نہ پئیں۔ غذا کے بعد جسم کو پوری نیند کی ضرورت ہوتی ہے۔ تحقیق کے مطابق جسم اور دماغ کے لیے آٹھ گھنٹوں کی نیند ضروری ہے۔ بعض لوگوں کے لیے سات اور بعض کے لیے چھ گھنٹوں کی نیند کافی ہوتی ہے۔ دوپہر کے کھانے کے بعد پندرہ منٹ کی اونگھ صحت کے لیے مفید ہوتی ہے۔ یہ سنت بھی ہے۔ ورزش صحت مند رہنے کے لیے ہر شخص کی ضرورت ہے اور اس میں کوئی اضافی رقم بھی خرچ نہیں ہوتی۔ 24 گھنٹے میں کم از کم 24 منٹ ضرور ورزش کریں۔

## دلچسپ معلومات

- مینار پاکستان کی اونچائی ستر (70) میٹر ہے۔
- ایٹم بم سب سے پہلے امریکہ نے بنایا تھا۔ اور 1945 میں جاپان کے شہر ہیروشیما اور ناگاساکی پر گرایا تھا۔
- سب سے زیادہ زلزلے جاپان میں آتے ہیں۔
- باب الاسلام پاکستان کے صوبہ سندھ کو کہا جاتا ہے۔

## اشاعت سے معذرت:

العلم اکیڈیمیا کی میگزین کمیٹی معذرت خواہ ہے کہ ہم بعض طالب علموں کے مضامین شائع نہیں کر رہے جس کی چند ایک وجوہات ہیں۔

- آپ کا بھیجا ہوا مواد انتہائی پرانا ہے۔
- آپ کا کام مکمل طور پر کسی رسالے یا میگزین سے کاپی ہے۔
- آپ کے ہاتھ کی تحریر پڑھے جانے کے قابل نہیں۔
- آپ کی بھیجی ہوئی تحریر ہمیں بہت دیر سے موصول ہوئی۔

آپ طلباء سے گزارش ہے کہ اوپر درج معروضات کی روشنی میں اپنی تحریر میں بہتری لائیں تا کہ وہ قابل اشاعت بن جائیں۔ شکریہ

## قولِ غزالی!

امام غزالیؒ فرماتے ہیں اے انسانو اگر کوئی بادشاہ تمہارے گھر آنے کا ارادہ کرے تو تم مقررہ وقت سے پہلے اس کے لیے تیاری شروع کرو گے گھر سجاؤ گے رنگ و روغن کرو گے تاکہ بادشاہ خوش ہو جائے۔ اے انسانو! سوچو وہ جو بادشاہوں کا بادشاہ ہے جس کا رہنے کا گھر تمہارا دل ہے؟ اے انسانو! اپنے دل میں سے بری خصلتیں یعنی حسد، نفرت، تعصب اور اللہ کی نافرمانی کو نکال کر باہر پھینک دو۔ اس میں محبت کا بیج ڈالو تاکہ تمہارے دل میں اس عظیم ہستی کی محبت پیدا ہو۔

صبیحہ۔ کلاس چہارم

# Al-ILM learning Management System
















# Prize Distribution for Staff





# School Decor













پیارے بچو! فرق معلوم کریں۔



CAN YOU DRAW AND COLOUR IT...






# Math Quiz

1a) 3 + 4 = ______ - 3

b) 2 + ______ = 9 - 7

## CHALLENGE FOR YOU


Find the words

shoe
duck
doll
globe
block
green




| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| x | k | c | o | l | b |
| l | n | e | e | r | g |
| l | g | l | o | b | e |
| o | q | n | c | w | c |
| d | n | s | h | o | e |
| u | w | k | c | u | d |

## Let's Join the Dots...




## Puzzle time

Seven up!



HOW TO PLAY?

Put the numbers

1, 2, 3, 4, 5, 6 and 7

in the circles so that each straight line of three numbers adds up to the same total.

## Little Things

1) Three things to be obeyed (Allah, Parents, Teachers)
2) Three things to be thought about. (Allah, Life, Future)
3) Three things to be loved. (Courage, Reality, Hard work)
4) Three things to be sought. (Education, Friendship, Advice)
5) Three things to be remembered. (Time, lesson, Experience)
6) Three things to be followed. (Unity, Faith, Discipline)

(Miss Anila)

## Proverbs

1. Think all you speak, but speak not all your think.
2. Of all things you wear, your expression is the most important.
3. You never know what you can do till your try it.
4. Kindness is the language which the deaf can hear and the blind can read.
5. Time stays long enough for those who use it.
6. No man is rich enough to buy back his past.
7. Obedience alone gives the right to command.
8. Hold yourself responsible for a higher standard than anybody else expects of you.
9. Never put off till tomorrow what you can do today.
10. Schooling ends but education does not end.
11. No pleasure is enjoyed without some pain. (Miss Shabana Naz)

## Life

- Life is test
- Islam is the best
- The world is dust
- When Quran is in chest
- Obey Allah first,
- Akhirat is for rest

## If You Have............

| | |
|---|---|
| A duty, | Do it |
| A Joy, | Share it |
| A sorrow, | Bear it. |
| A smile, | Wear it. |
| A love, | Care about it. |

(Miss Fatima khan)

## If you want success

| | |
|---|---|
| Be sweet | like Honey |
| Be regular | like clock |
| Be fresh | like rose |
| Be strong | like rock |
| Be sure | like death |
| Then have a friend | like yourself |

(Miss Shabana)

## Amazing facts about Animals

1. Bats always turn left when leaving a care.
2. Blood in our body is enough for approximately one million mosquito bites.
3. Gorillas can't swim.
4. A Pigeons bones weigh less than its feather.
5. Giraffes don't have voice.
6. Cows don't have upper front teeth.
7. Grasshoppers have white blood. (Miss Rabia Asghar)


## A BEAUTIFUL THOUGHT

The Greatest Mistake we Humans make in our Relationships,

We Listen Half,

Understand Quarter,

Think Zero and React BOUBLE!




## JOKES

Teacher: "I asked you to draw a cow and grass, but I only see a cow. Where is grass?" Student: "The cow ate the grass, sir."

--------

Teacher: What do you get when you subtract 987 from 1823 and add 176 and divide the answer by 3? Student: A headache, Madam.

--------

Teacher: Why are you late today? Student: Because of sign down the road.

Teacher: What do a sign have to do with your being late?

Student: The sign said, School Ahead, Go Slow.

JOKES

## JOKE

**A Lady broke a signal and was presented in front of the judge.**

**Lady: Your honour! Please let me go. I am a school teacher and I am getting late for my class.**

**Judge: Aahaaa so you are school teacher , I have waited for this moment all my life, now write down, I will never go through a red signal 500 times.**

The ACADEMIA
9th Biannual Magazine October 2020

## Principal's Massage for Parents

Children are our valuable asset. We should care about their needs and wants. Here are some points to ponder upon. The following Things children Want From their Parents…

1. Showing is better than telling, I learn by watching you.
2. Love me- Give me hugs.
3. Kind and firm discipline- My brain is still developing and so I am slow in learning. But I do want to learn, if you patiently and kindly teach me.
4. Be my safe haven- Always be here for me no matter what.
5. Talk with me- don't just talk to me.
6. Hear me- sometimes I want to be heard without judgment or lecture.
7. Accept who I am- Don't constantly compare me to other kids.
8. Let me play outside a lot.
9. Give me food that is nutritious and yummy.
10. Trust me- Let me make my own decisions on non-safety or health related things. I couldn't learn to walk without falling. I can't learn to make good decisions with out making bad ones.
11. Encourage me- your praise means so much to me.

## Tell me the name of the fruit?



In Urdu, It is called ........................................

In English, It is called ....................................


In Arabic, It is called ......................................

In Pashto, It is called .......................................


## Few words for Teachers

Being responsible member of the society, we want our Teachers to help us in keeping safe and hygienic environment for the students.

Here is the WHO recommended checklist for ensuring health safety for schools. Every teacher should be aware of it.




## SCIENCE CORNER




Earth's orbit: the reason for the season.






## Look at the Snow

Look at the snow!
Look at the snow!
Lets all take our sleds,
And go!
Up the hill we walk slow, slow,
And drag our red sleds in the snow:
But once at the top of the hill we know
That like the wind they ll go , go, go
Whizzing down to the flat, below.

## Only One Mother

Hundreds of stars in the pretty sky,
Hundreds of shells on the shore together,
Hundreds of birds that go singing by,
Hundreds of lambs in the sunny weather
Hundreds of dewdrops to greet the dawn,
Hundreds of bees in the purple clover,
Hundreds of butterflies on the lawn,
But only one mother the wide world over.

